روزنامہ
پرواز
لاہور
فیصل آباد

اتوار 19 مارچ 2023ء 26 شعبان المعظم 1444ھ

وفاقی محتسب عوام کو اپنے کردار سے آگاہ کریں، عارف علوی

عوامی شکایات کو دہلیز پر حل کرنے کیلئے ملک کے دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت ہے

صدر مملکت حکومتی اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سال 2022 کی سالانہ رپورٹ پیش سالانہ رپورٹ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پیش کی وفاقی محتسب حکومتی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں اپنے کردار کے بارے میں آگاہی مہم تیز کرے، صدر مملکت وفاقی محتسب کی استعداد کار بڑھانے، عوامی شکایات کو دہلیز پر حل کرنے کیلئے ملک کے دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت ہے، صدر مملکت حکومتی اہلکاروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے، صدر مملکت وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار کے بارے میں بتایا وفاقی محتسب کو 2021 میں 110,398 شکایات کی نسبت 2022 میں 164,174 شکایات موصول ہوئیں، رپورٹ وفاقی محتسب نے 2021 میں 106,732 شکایات کے مقابلے 2022 میں 157,770 شکایات کا ازالہ کیا جو کہ 50 فیصد کا اضافہ ہے، رپورٹ شکایات کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ وفاقی محتسب پر عوام اعتماد کا عکاس ہے، وفاقی محتسب اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کیلئے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر ون ونڈو سہولت ڈیسک قائم کیے گئے ہیں، وفاقی محتسب 2022 کے دوران حکومت کے متعلقہ اداروں کی جانب سے 137,647 سمندر پار پاکستانیوں کو سہولتیں فراہم کی گئیں، وفاقی محتسب میر پور خاص، خضدار سوات، کرم اور جنوبی وزیرستان کے شکایت کنندگان کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیئے دفاتر قائم کیے گئے، وفاقی محتسب وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو تنازعات کے غیر رسمی حل اور کھلی کچہریوں سے متعلق اپنے خصوصی اقدامات سے آگاہ کیا شکایات کو آن لائن بھی سنا جا رہا ہے، آن لائن شکایات کی وصولی میں 97 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، وفاقی محتسب محتسب اپنی رسائی کو مزید بڑھانا اور استعداد بڑھانا چاہتا ہے مگر مالی مشکلات کا سامنا ہے، وفاقی محتسب آئی سی آر سسٹم کے تحت محتسب نے شکایات کو فوری نمٹانے کیلئے وفاقی حکومت کی 183 مختلف ایجنسیوں کو مربوط کیا، وفاقی محتسب وفاقی محتسب جدید آئی سی ٹی ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے اپنی رسائی میں اضافہ کریں، صدر مملکت میڈیا کے ذریعے وفاقی محتسب کے کردار اور خدمات کے بارے میں آگاہی پیدا کریں، صدر مملکت صدر مملکت نے خدمات کی فراہمی اور ملک میں قانون کی حکمرانی بہتر بنانے میں بہترین کارکردگی پر محتسب کو سراہا

راجہ محمد ایوب
بیورو چیف روزنامہ جہان پاکستان ضلع منڈی بہاؤالدین

گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان اور کراچی سے بیک وقت اشاعت

کلام الٰہی
قریب ہے کہ بجلی کی چمک ان کی آنکھوں کی بصارت کو اچک لے جائے، جب بجلی چمکتی اور ان پر روشنی ڈالتی ہے تو اس میں چل پڑتے ہیں اور جب اندھیرا ہو جاتا ہے تو کھڑے کے کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان کے کانوں کی شنوائی اور آنکھوں کی بینائی دونوں کو زائل کر دیتا۔ بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۝ (سورۃ البقرہ:20)

www.jehanpakistan.pk

روزنامہ
آفسٹ پیپر / ویب
گوجرانوالہ

جہان پاکستان

جلد 6	اتوار 26 شعبان المعظم 1444ھ 19 مارچ 2023ء 5 چیت 2079ب	شمارہ 33	صفحات 26	قیمت 30 روپے

منڈی بہاؤالدین: انچارج وفاقی محتسب، ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

انچارج وفاقی محتسب سرگودھا نے لوگوں کی شکایات سنیں

مشتاق احمد اعوان نے پاسپورٹ آفس منڈی بہاؤالدین کا بھی دورہ کیا

منڈی بہاؤالدین (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر انچارج وفاقی محتسب، ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے مختلف وفاقی محکموں کے خلاف صوبائی محتسب کیمپ آفس منڈی بہاؤالدین میں عوامی شکایات سنیں اور اکثر شکایات پر عوام کو موقع پر ہی ریلیف دلوا دیا۔ اس موقع پر وفاقی محکموں جن میں گیپکو، سوئی گیس، پاسپورٹ، ای او بی آئی، نادرا، پاکستان بیت المال کے افسران بھی اپنی رپورٹس لے کر موجود تھے۔ انچارج وفاقی محتسب نے رجسٹرڈ کیسز کی شکایات کی سماعت کی اور بیشتر شکایات کو موقع پر ہی حل کر دیا۔ بعد ازاں انچارج وفاقی محتسب نے پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ کیا، اپنے دورے کے دوران انہوں نے پاسپورٹ آفس کے مختلف کاؤنٹرز کو چیک کیا اور وہاں پر آئے ہوئے سائلین سے پاسپورٹ آفس کے سٹاف و عملہ کے رویہ اور سروسز کے حوالے سے استفسار کیا۔ پاسپورٹ آفس میں بجلی کی عدم دستیابی اور معقول انتظام نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا اور اس حوالے سے ایکشن رپورٹ وفاقی محتسب کو بھجوانے کا حکم دیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ پاسپورٹ آفس میں پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے اور آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے جائز مسائل کو حل کیا جائے۔

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

061-4570770
061-4515800
061-4582368

ملتان اسلام آباد رحیم یار خان لاہور کراچی مظفرآباد پشاور فرینکفرٹ لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار

ABC CERTIFIED

ausafmul@cyber.net.pk

http://www.dailyausaf.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف ملتان

DAILY AUSAF MULTAN

چیف ایڈیٹر مہتاب خان

ایڈیٹر محسن بلال خان

جلد: 21 | اتوار 26 شعبان المعظم 1444ھ 19 مارچ 2023ء 6 چیت 2079 ب صفحات 26 قیمت 30 روپے | شمارہ: 220

عوام کو جلد انصاف فراہمی کیلئے بھرپور کوشش کی جارہی ہے، حافظ محمد صہیب

وفاقی محتسب کے نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کیا جاتا ہے

بہاول پور (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب حافظ محمد صہیب نے اپنے آفس میں کیسوں کی سماعت کی جس میں لوگوں کی وفاقی اداروں کیخلاف دائر کی گئی 30 شکایات کو سنا اور موقع پر ہی سائلین کے مسائل کو فوری حل کروانے اور مناسب ریلیف فراہم کرنے کیلئے متعلقہ وفاقی اداروں کے نمائندگان کو ہدایات جاری کیں۔ مزید براں میڈیا نمائندگان کی موجودگی میں کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے احکامات کی روشنی میں عوام کے مسائل کو حل کرنے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے اور وفاقی محتسب کے نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کیا جاتا ہے اور اس سلسلے گذشتہ روز اسسٹنٹ ایڈوائزر حافظ محمد صہیب نے رحیم یار خان میں اور الوٹی کیشن آفیسر شکیل احمد خان یوسف زئی نے بہاولنگر میں کھلی کچہری لگائی اور موقع پر ہی ریلیف دینے کی ہدایت کی۔

روزنامہ
PAIGHAM
FAISALABAD
پیغام
بانی: سید محمد وکیل جیلانی (مرحوم)
چیف ایڈیٹر: سید محمد منیر جیلانی
جلد 61 | اتوار 19 مارچ 2023ء، 26 شعبان 1444ھ، 6 چیت 2079 بکرمی | قیمت 6 روپے | شمارہ 66

صدر مملکت کو وفاقی محتسب کی سال 2022 کی سالانہ رپورٹ پیش

تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں اپنے کردار کے بارے میں آگاہی مہم تیز کرے

ملک کے دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سال 2022 کی سالانہ رپورٹ پیش، سالانہ رپورٹ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پیش کی، وفاقی محتسب حکومتی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں اپنے کردار کے بارے میں آگاہی مہم تیز کرے، صدر مملکت وفاقی محتسب کی (باقی صفحہ 2 نمبر 67)

بقیہ نمبر 67

استعداد کار بڑھانے، عوامی شکایات کو ایزی حل کرنے کیلئے ملک کے دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت ہے، حکومتی اداروں کے ہاتھوں زیادتیوں اور ناانصافیوں کا شکار لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار کے بارے میں بتایا، وفاقی محتسب کو 2021 میں 110,398 شکایات کی نسبت 2022 میں 104,174 شکایات موصول ہوئیں